5281 ـ كيا بے نماز خاوند سے اپنے آپ كوروك لے

سوال

كيا خاوند يا پھر بيوى كے ليے ممكن ہے كہ وہ اپنے آپ كوبے نماز سے روك لے يعنى وہ اسے اپنے قريب نہ آنے دے ؟
دوسرے معنوں ميں كيا يہ جائز ہے كہ دونوں ميں سے جب ايك بے نماز ہو تودوسرا اسے اپنے سے ہم بسترى نہ كرنے دے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

بلكہ عورت پر واجب ہے كہ وہ اس معاشرت سے اپنے آپ كوروك لے اوراسى طرح مرد پر بھى واجب ہے ـ

كيونكہ اللہ تعالى كا فرمان ہے :

تم كافرعورتوں كى ناموس اپنے قبضہ ميں نہ ركھو الممتحنۃ (10) ـ

توكسى بھى مسلمان عورت كے ليے جائز نہيں كہ وہ كلى طور پربے نماز خاوند كى عصمت ميں رہے يا پھر غالباوہ نماز پڑھتا ہى نہ ہو ، بلكہ اس پر يہ ضرورى ہے كہ وہ اس سے عليحدگي اختيار كرے اوراس كے ساتھ باقى نہ رہے ـ

كيونكہ وہ كافر ہے اورمخرج عن الملۃ ہے ، ہم اللہ تعالى سے سلامتى وعافيت كے طلبگار ہيں ـ

واللہ اعلم.